**03.03.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........نتیکا تیاگی

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کویت، قطر اور عُمان کے رہنماؤں سے بات کی۔ مغربی ایشیاء میں جاری تنازع کے دوران اِن ملکوں کی خود مختاری اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی کی مذمت کی اور بھارتی برادری کیلئے اُن کے تعاون کی ستائش کی۔

☆ بھارت نے زور دے کر کہا ہے کہ خلیجی ملکوں میں مقیم اپنے ایک کروڑ شہریوں کی حفاظت اور اُن کی فلاح و بہبود، اوّلین ترجیح ہے۔

☆ حکومت نے توانائی کے ذرائع میں تنوع لاکر ملک میں توانائی کی دستیابی اور کفایتی قیمت کو یقینی بنانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

☆ اقوام متحدہ کے جوہری نگراں ادارے نے امریکہ اور اسرائیل کے مشترکہ حملوں میں ایران کے **Natanz** نیوکلیائی مرکز کو نقصان پہنچنے کی تصدیق کی ہے۔

☆ وزارت دفاع نے چھ **MK-III** جدید ترین ہلکے ہیلی کاپٹرس اور روسی **Shtill** میزائلوں کی خرید کیلئے 5ہزار 83 کروڑ روپے مالیت کے سمجھوتوں پر دستخط کیے ہیں۔

☆ اور... آل انگلینڈ بیڈمنٹن شپ میں برمنگھم میں مردوں کے سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں لکشیہ سین نے چین کے دفاعی چمپئن **Shi Yu Qi** کو ہرایا۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**ADD PM Kuwait Qatar Oman**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کویت کے ولی عہد شہزادہ شیخ صباح الخالد الحمد المبارک الصباح سے فون پر بات کی اور کویت کے اقتدارِ اعلیٰ اور علاقائی سا لمیت کی خلاف ورزی کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، اس مشکل گھڑی میں کویت کے عوام کے ساتھ کھڑا ہے۔ بات چیت کے دوران جناب مودی نے علاقائی امن و استحکام کی بحالی کیلئے بات چیت اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کویت میں بھارتی برادری کی حفاظت اور سلامتی کو یقینی بنانے

کیلئے کویت کی قیادت کے مسلسل تعاون کو سراہا۔وزیراعظم نے قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی سے بھی بات کی اور قطر کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے قطر کی خودمختاری اور علاقائی سا لمیت کی کسی بھی خلاف ورزی کی سخت مذمت کی۔ دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن و استحکام جلد قائم کرنے کیلئے بات چیت اور سفارتکاری کی ضرورت پر زور دیا۔ جناب مودی نے قطر میں بھارتی شہریوں کی مسلسل دیکھ بھال اور تعاون کیلئے قطر کے امیر کی ستائش کی۔ اسی طرح وزیراعظم نے عُمان کے شاہ، سلطان ہیثم بن طارق سے بھی گفتگو کی اور مغربی ایشیا کی موجودہ صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا۔ انہوں نے عُمان کی خودمختاری اور علاقائی سا لمیت کی خلاف ورزی کی مذمت کی۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ خطے میں امن اور استحکام کی جلد بحالی کیلئے مسلسل سفارتی روابط نہایت ضروری ہیں۔ وزیراعظم مودی نے عُمان میں بھارتی برادری کیلئے عمان کے مسلسل تعاون کو سراہا۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج خلیجی خطے میں موجودہ تنازع کے بارے میں یوروپی یونین کے امور خارجہ اور سکیورٹی پالیسی کے اعلیٰ نمائندے **Kaja Kallas** کے ساتھ ٹیلیفون پر بات چیت کی۔ **x**

## Add West Asia Related Stories

بھارت نے آج مغربی ایشیا خطے کے موجودہ تنازع میں مذاکرات اور سفارت کاری کا راستہ اپنانے کی پُر زور اپیل کی ہے۔ ایک بیان میں وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت اس تنازع کے جلد خاتمے کیلئے واضح طور پر اپنی آواز بلند کر رہا ہے۔ انہوں نے تنازع میں کئی جانی اتلاف پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ جناب جیسوال نے کہا کہ خلیجی خطے میں تقریباً ایک کروڑ بھارتی شہری رہتے اور کام کرتے ہیں اور ان کی حفاظت اور فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے۔ ترجمان نے کہا کہ حالیہ دنوں میں حملوں کے نتیجے میں کچھ بھارتی شہری جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں یا لاپتہ ہیں۔ اس دوران مغربی ایشیا کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر ایران میں بھارتی سفارت خانے نے تہران میں موجود زیادہ تر بھارتی طلبہ کو شہر سے باہر محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا ہے۔

اس دوران مغربی ایشیا میں موجودہ صورتحال کے پیشِ نظر متاثرہ ملکوں میں بھارتی سفارتخانوں اور قونصل خانوں نے بھارتی شہریوں اور کمیونٹی تنظیموں سے قریبی رابطہ برقرار رکھے ہوئے ہے اور حسبِ ضرورت باقاعدگی سے ہدایات جاری کی جا رہی ہیں۔

ایران میں بھارتی سفارت خانے نے تہران میں موجود زیادہ تر بھارتی طلبہ کو راجدھانی میں بڑھتے ہوئے خطرات کے پیشِ نظر شہر سے باہر محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا ہے۔ ایک اعلانیے میں سفارتخانے نے بتایا ہے کہ طلبہ کے نقل و حمل، خوراک اور رہائش کے انتظامات کر دیے گئے ہیں۔

بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ صرف چند طلبہ، جنہوں نے سفارتخانے کی پیشکش قبول نہیں کی، اب بھی تہران میں موجود ہیں۔

انہیں ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ہر وقت احتیاط برتیں اور احتجاج یا مظاہروں والے علاقوں سے دور رہیں۔

اس کے علاوہ ایئر انڈیا کی پہلی پرواز آج دبئی سے **149** مسافروں اور عملے کے **8** افراد کو لے کر نئی دلّی پہنچ گئی۔ **x**

## Petroleum Ministry West Asia

عالمی سطح پر توانائی کے بدلتے ہوئے حالات کے پیش نظر حکومت نے توانائی کے ذرائع کو متنوع بنا کر عوام کیلئے توانائی کی دستیابی اور اس کی مناسب قیمت کو یقینی بنایا ہے۔

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے کہا ہے کہ بھارت عالمی سطح پر تیل کا تیسرا بڑا درآمد کنندہ، چوتھا بڑا ریفائنر اور پیٹرولیم مصنوعات کا پانچواں بڑا برآمد کنندہ ملک ہے اور موجودہ حالات سے نمٹنے کے لیے اس کے پاس توانائی کے وافر ذخائر موجود ہیں۔

وزارت نے ملک کی تیاریوں کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کے پاس پیٹرول، ڈیزل اور ATF سمیت خام تیل اور اہم پیٹرولیم مصنوعات کے مناسب ذخائر موجود ہیں تاکہ قلیل مدتی رکاوٹوں سے نمٹا جا سکے۔

مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر وزارت نے ملک بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی سپلائی اور ذخائر کی صورتحال کی مسلسل نگرانی کے لیے چوبیس گھنٹے ساتوں دن کام کرنے والا کنٹرول روم بھی قائم کیا ہے تاکہ بھارتی صارفین کے مفادات کا تحفظ کیا جا سکے۔x

## West Asia Conflict

امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملے تیز کرنے بعد مغربی ایشیا میں تنازعے نے شدت اختیار کر لی ہے۔ تہران اور اس کے اتحادیوں نے اسرائیل، خلیجی ممالک اور اہم توانائی تنصیبات کو نشانہ بناتے ہوئے میزائل اور ڈرون حملوں سے جوابی کارروائی کی ہے، جس سے علاقائی کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔

تازہ اطلاعات کے مطابق اسرائیل اس وقت ایران کی راجدھانی تہران میں فوجی ٹھکانوں پے درپے حملے کر رہا ہے۔ دوسری طرف لبنان کی راجدھانی بیروت میں ایران کی حمایت یافتہ تنظیم حزب اللہ کے ڈھانچے کو بھی نشانہ بنایا جا رہا ہے۔

بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی IAEA نے تازہ سیٹلائٹ تصاویر کے جائزے کے بعد ایران کے Natanz میں واقع نیوکلیائی تنصیبات پر ڈھانچہ جاتی نقصان پہنچنے کی تصدیق کی ہے۔

ایک بیان میں اقوام متحدہ کے جوہری نگراں ادارے IAEA نے کہا ہے کہ تابکاری اخراج کے کوئی آثار نظرنہیں آرہے ہیں۔

دوسری جانب ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق بحرین میں واقع امریکی فضائی اڈے کی کمان کی عمارت تباہ کر دی گئی ہے۔ جبکہ سعودی عرب کی راجدھانی ریاض میں امریکی سفارت خانے کو بھی تہران سے بھیجے گئے دو ایرانی ڈرونز نے نشانہ بنایا ہے جس کے نتیجے میں محدود پیمانے پر آگ بھڑک اٹھی اور ساز و سامان کو معمولی نقصان پہنچا۔

## Rev. PM Webinar

وزیرِاعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ حالیہ آزاد تجارتی سمجھوتوں نے وسیع مواقع کے دروازے کھول دیے ہیں، جس کے باعث بھارتی صنعت پر یہ نئی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ مصنوعات کے معیار پر زیادہ توجہ دیں۔

جناب مودی ''پائیدار اور مضبوط معاشی ترقی'' کے موضوع پر بجٹ کے بعد کے ایک ویبینار سے خطاب کر رہے تھے۔

**S/B: PM- Quaility**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اپنی مضبوط معیشت کے سبب دنیا کیلئے امید کی ایک کرن بنا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تیز رفتار معاشی ترقی ''وکست بھارت'' کے وژن کو حقیقت میں بدلنے کا بنیادی ستون بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد اور عزم بالکل واضح ہے یعنی زیادہ تیار کریں، زیادہ پیداوار کریں، زیادہ روابط قائم کریں اور زیادہ برآمد کریں۔

**S/B: PM on Economy - 31 Secs**

وزیر اعظم نے کہا کہ آج دنیا قابلِ اعتماد اور مضبوط مینوفیکچرنگ شراکت داروں کی تلاش میں ہے اور بھارت کے پاس اس سمت میں ایک اہم رول ادا کرنے کا موقع موجود ہے۔

**S/B: PM on Manufacturing**

**Prez Holi**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے عوام کو ہولی کیلئے مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں، صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہولی خوشی اور جشن کا تہوار ہے اور یہ سماجی ہم آہنگی کا پیغام دیتا ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہولی کا تہوار سماج میں محبت اور امید کے جذبے کو فروغ دیتا ہے۔ انھوں نے ہولی کو کثرت میں وحدت کی علامت بتایا۔x

**Guj Holi**

آج ہولی کے موقع پر گجرات کے بہت سے شری کرشنا مندروں میں **Phuldol** مہوتسو روایتی جوش وخروش اور روحانی مسرت کے ساتھ منایا گیا۔عقیدتمند ڈاکور میں واقع مشہور دوارکا دھیش مندر اور **Ranchhodrai** مندر میں بڑی تعداد میں یکجا ہوئے اور رنگارنگ جشن میں شامل ہوئے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...

**VC Aparna Khunt**

دوارکا دھیش مندر میں، بھگوان کرشن کو پھولوں سے مزین **Hindola** میں بٹھایا گیا جہاں عقیدتمندوں نے **Abhil** اور **Gulal** کے ساتھ **Rangotsav** منایا۔

**Raja Ranchhodraiji** مندر میں، ایک روایتی سنہری پچکاری سے زعفران کے رنگ کا پانی چھڑکا گیا اور بھگوان نے عقیدتمندوں کے ساتھ ہولی کھیلی۔ **Kalia Thakor** کو ایک منفرد روایتی مالا پہنائی گئی اور موسم گرما کی آمد کے علامت کے طور پر انھیں انگور، **Dhani** اور کھجور جیسی کھانے کی موسمی چیزیں چڑھائی گئیں۔

اس دوران ہزاروں عقیدتمندوں نے بھجن گاتے ہوئے بھگوان کا آشیرواد لیا۔

احمدآباد سے **Aparna Khunt** کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

## Delhi Trafic Police HOLI

دلّی ٹریفک پولیس نے کل ہولی کے موقع پر قومی راجدھانی میں بلا رکاوٹ گاڑیوں کی آمد و رفت کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی انتظامات کیے ہیں۔ پولیس کے نارتھ ایڈیشنل کمشنر دنیش کمار گپتا نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس اہلکار، کل صبح سویرے سے شام تک تقریباً 134اہم چوراہوں پر تعینات رہیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ مقامی پولیس کے تعاون سے 79مشترکہ چیک پوسٹ قائم کی گئی ہیں۔ سانس کے ذریعے شراب کی جانچ کرنے والے آلہ الگومیٹر سے لیس پولیس کی ٹیمیں نشے کی حالت میں ڈرائیونگ کی روک تھام کے لیے چیکنگ کریں گی۔ جناب گپتا نے مزید کہا کہ غلط سمت میں گاڑی چلانے والوں کے خلاف خصوصی کارروائی کی جائے گی اور پولیس کی موٹر سائیکل ٹیمیں فوری کارروائی کریں گی۔

**S/B: Dinesh Kumar Gupta**

## PM Wish Attukal Ponagala

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج Attukal پونگل کے موقع پر اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ یہ فیسٹول، ناری شکتی کیلئے خاص اہمیت رکھتا ہے۔ جناب مودی نے دعا کی کہ یہ بابرکت دن سبھی کی زندگی میں خوشحالی اور اچھی صحت لے کر آئے اور معاشرے میں بھائی چارہ اور اتحاد کے جذبے کو فروغ دے۔x

## Defence Contracts

وزراتِ دفاع نے آج بھارتی ساحلی محافظ دستے کیلئے چھ جدید ہلکے ہیلی کاپٹر Mk-III (ALH) (Maritime Role) اور بھارتی بحریہ کیلئے سطح سے فضا میں مار کرنے والی عمودی لانچ Shtil میزائلوں کے حصول کیلئے 5ہزار 83 کروڑ روپئے کل مالیت والے معاہدوں پر دستخط کیے۔ ان معاہدوں پر نئی دلّی میں دفاع کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ کی موجودگی میں دستخط کیے گئے۔x

## Badminton

آل انگلینڈ بیڈمنٹن چمپئن شپ آج برمنگھم میں شروع ہوگئی ہے۔ ترنیشا کراسٹو اور دُھرو کپیلا پر مشتمل مکسڈ ڈبلز کی بھارتی جوڑی نے ملیشیا کے Hoo Pang Ron اور Cheng Su Yin کی جوڑی کو دوسرے راؤنڈ میں 21-17، 21-19سے ہرا کر ٹورنامنٹ میں اپنی پہلی جیت درج کی ہے۔ مردوں کے سنگلز میں بھی آج شام شروعاتی راؤنڈ میں لکشیہ سین نے چین کے عالمی نمبر ایک کھلاڑی اور دفاعی چمپئن Shi Yu Qi کو 23-21، 19-21، 21-17سے شکست دی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆